ٹینڈر نوٹس

ضلع پولیس تورغر کی چوکی شگئی کی باونڈری وال کی تعمیر کے لیے رجسٹرڈ ٹھیکداروں سے جنہوں نے رواں مالی سال 26-2025 کے لیے ٹھیکیداری لائسنس کی تجدید کروائی ہو سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ جو زیر دستخطی کو مورخہ 22-12-25 تک بزریعہ ڈاک یا دستی مل جانے چاہیئں اور اسی دن 12:00 بجے ٹھیکیداروں اور ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ اگر کسی وجہ سے اس دن ٹینڈر کینسل ہوئے تو وہ دوبارہ بتاریخ 31-10-2025 کو سربمہر ٹینڈر طلب ہوں گے۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ 02 فی صد کال ڈیپازٹ بینک ڈرافٹس کی صورت میں جمع کروایا جائے گا اور حکومت کے تمام ٹیکس بشمول انکم ٹیکس / جنرل سیلز ٹیکس بمطابق مروجہ قوانین قابل ادائیگی ہوں گے۔

سارے پراسس KPPRA رولز کے مطابق ہوں گے۔

تمام کاموں کے متعلق زیرِ دستخطی کے دفتر سے جس میں BOQ اور ٹینڈر فارم شامل ہیں۔ مبلغ -/2000 روپے فیس (ناقابل واپسی) ادا کرنے پر کسی بھی کام کے دن حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

قواعد ضوابط

1. زرِبیعانہ ہر سکیم کے لیے KPK کے شیڈول بینک سے جاری کردہ کال ڈیپازٹ کی شکل میں بنام DPO تورغر دستاویزات منسلک کی جائیں۔ بولی کے ساتھ 02 فی صد شرح کے مطابق اضافہ زربیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ اصل لف کرنا ضروری ہے۔
2. ایسے ٹھیکیدار جو BOQ سے 10 فی صد کم نرخ کی پیشکش کرتے ہیں۔ وہ بولی کے 10 فی صد شرح کے مطابق اضافہ زرِبیعانہ منسلک کرے گا۔ بصورت دیگر بولی مسترد سمجھی جائے گی اور جمع شدہ رقم زرِبیعانہ ضبط کرلیا جائے گا۔
3. ٹینڈر دستاویزات جو ہر لحاظ سے مکمل ہوں گی وہی قابل غور ہوں گی۔ نامکمل دستاویزات قابل قبول نہ ہوں گی۔
4. فوٹو کاپی پاکستان انجنیئرنگ کونسل رجسٹریشن بمعہ تجدید، رواں مالی سال 26-2025 کے ساتھ Valid رجسٹریشن کی کاپی اور نیشنل انکم سرٹیفکیٹ کی کاپی بھی منسلک کی جائے گی۔
5. تمام ٹھیکیدار جو ٹینڈر فارم کے ساتھ جعلی دستاویزات لف کریں گے۔ اس کا ٹینڈر منسوخ کرکے حسب قواعد قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور حکام بالا کو بلیک لسٹ کرنے کے لیے کیس بھجوایا جائے گا۔
6. کامیاب ٹھیکیدار ورک آرڈر کے جاری ہونے کے بعد ہفتہ کے اندر کام شروع کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر اس کا زرِبیعانہ ضبط کردیا جائے گا اور کسی بھی ٹینڈر میں حصہ لینے نہیں دیا جائے گا۔
7. اصل بولیاں زیرِ دستخطی رجسٹرڈ ڈاک مذکورہ بالا بیان کیے گئے وقت سے پہلے ارسال کی جائیں۔ جو ہر صورت حتمی تاریخ اور ٹینڈر کھولنے سے پہلے ہونی چاہیئں۔ ٹینڈر فارم لیٹ پہنچے کی ذمہ داری دفتر ہذا پر نہ ہوگی۔
8. ٹینڈر دہندہ سسٹم کے مطابق اپنے ریٹس تخمینہ لاگت کے مطابق Above or Below میں دینے کا پابند ہوگا۔
9. تخمینہ لاگت MRS -2024 کے مطابق تیار کردہ ہیں۔ ٹھیکیدار اپنے نرخ ہندسوں کے علاوہ الفاظ میں بھی متعلقہ خانہ میں درج کریں گے۔
10. BOQ میں کسی قسم کی کاٹ چھانٹ ترمیم اور دوہری لکھائی قابل تنسیخ ٹینڈر ہوگی اور یہ ناقص تصور ہوگی۔
11. بااختیار اتھارٹی ٹھیکے دیے جانے سے قبل کسی بھی وقت منسوخی کی وجوہات بتانے کے بعد ایک یا ساری بولیاں منسوخ کرسکتے ہیں۔
12. دیگر قواعد وضوابط دفتری اوقات کے دوران حاصل کیے جاسکتے ہیں۔